نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

20 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

447 /2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

حقائق نامہ

پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر امریکی ردعمل

امریکہ نے 29 جولائی کو آنے والے المناک اور تباہ کن سیلاب کے بعد پاکستان کی جانب سے امداد کی اپیل پر اپنے فوری اور فراخدلانہ ردعمل کا اظہار کیا۔ اب تک امریکہ پاکستان امدادی سرگرمیوں کے لئے تقریباً 150 ملین ڈالر فراہم کر چکا ہے جن میں پاکستان کی نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کی کارروائیوں، اقوام متحدہ کے ہنگامی امدادی منصوبوں کیلئے، اور اس آفت پر ردعمل کا اظہار کرنے والی مقامی اور بین الاقوامی تنظیموں کو رقوم کی فراہمی شامل ہے۔ یہ فنڈز سیلاب سے متاثرہ آبادیوں کو اشد ضرورت کی اشیاء فراہم کرنے کے لئے بھی استعمال کئے جا رہے ہیں۔

امریکہ مزید سامان اور تکنیکی امداد کی صورت میں بھی لاکھوں ڈالر فراہم کر رہا ہے۔ ہم عارضی پلوں کی فراہمی، متاثرین سیلاب کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے اور ضروری اشیاء کی سپلائی کیلئے امریکہ کے معتد بہ فوجی اور غیر فوجی وسائل کو زیر استعمال لا کر سیلاب زدہ علاقوں میں پہلے سے موجود پروگراموں کو توسیع دے رہے ہیں۔ اس وقت 21 امریکی فوجی اور سویلین طیارے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ اب تک یہ طیارے نے 6,505 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل اور دس لاکھ پاؤنڈ امدادی اشیاء متاثرین تک پہنچا چکے ہیں۔

جیسا کہ وزیر خارجہ کلنٹن نے گزشتہ روز اعلان کیا تھا، محکمہ خارجہ نے انتہائی اہم امدادی سرگرمیوں، بحالی اور تعمیر نو کی کوششوں میں تمام امریکیوں کی شرکت کیلئے پاکستان ریلیف فنڈ قائم کیا ہے۔ امریکی عوام پاکستانی متاثرین سیلاب کے لئے اشد ضروری امداد مذکورہ فنڈ میں اس ویب سائٹ کے ذریعے بھجوا سکتے ہیں: www.state.gov یا موبائل فون پر پیغامات کے ذریعہ فون نمبر 27722 پر لفظ سیلاب F-L-O-O-D ٹائپ کر کے دس ڈالر بھیج سکتے ہیں۔

تازہ ترین پیش رفت:

☆ افغانستان میں تعینات امریکی ائیر فورس کا ایک سی۔130 طیارے نے گزشتہ روز 75,490 پاؤنڈز خوراک اور امدادی اشیاء راولپنڈی سے جیکب آباد، کوئٹہ، سکھر اور ملتان پہنچائیں۔

☆ امریکہ نے متاثرین سیلاب کی عارضی رہائشگاہوں کی تعمیر میں استعمال کیلئے اعلیٰ معیار کی پلاسٹک کی شیٹس کے 530 رول 18 اگست کو کراچی

پہنچائے، جس کے بعد اب تک فراہم کئے گئے رولز کی تعداد 2,463 ہوگئی ہے، جن سے تقریباً 74,000 افراد کو سر چھپانے کے ٹھکانے میسر آئیں گے۔

☆ خوراک کا عالمی پروگرام 18 اگست تک دس لاکھ افراد کو ہنگامی بنیادوں پر ایک مہینے کا راشن فراہم کر چکا ہے۔ امریکہ خوراک کے عالمی پروگرام کے توسط سے سیلاب زدہ خاندانوں کو مہیا کی جانے والی خوراک کا نصف حصہ فراہم کر رہا ہے۔

☆ امریکی ایئر فورس نے فضائی آپریشنز کے دوران کل 440,928 حلال کھانے پاکستان کے سول اور فوجی حکام کے حوالے کئے، جن کی مالیت 3.7 ملین ڈالر ہے۔

☆ مجموعی طور پر 4 ملین ڈالر مالیت کی زندگی بچانے والی ہنگامی اشیاء پاکستان ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کے حوالہ کی گئیں، جن میں زندگی بچانے والی 18 زوڈیئک کشتیاں، 6 واٹر فلٹریشن یونٹس، 10 پانی محفوظ کرنے کے بڑے مشکیزے، کنکریٹ کاٹنے کے 30 آرے، فولاد کے 12 تیار شدہ پل، اور سیلاب میں امدادی کارروائیوں میں مدد دینے کیلئے صوبہ خیبر پختونخوا میں فرنٹیئر اسکاؤٹس کو 25 کلوواٹ کے ایک جنریٹر کی فراہمی شامل ہے۔

نجی شعبے کی طرف سے ردعمل:

☆ امریکی عوام ایم گیو (mGive) کے ساتھ کام کرتے ہوئے ٹیکسٹ میسیجنگ کیلئے نمبر 27722 پر لفظ FLOOD یا نمبر 50555 پر لفظ SWAT کے ذریعے پاکستان میں سیلاب کی امدادی کارروائیوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ یہ پیغام بھیجنے کے نتیجہ میں اس امریکی شہری کا دس ڈالر کا عطیہ پاکستان میں اقوام متحدہ کے ہائی کمیشن برائے پناہ گزین تک پہنچ جائے گا۔ ہر دس ڈالر کی مدد کے ذریعہ بے گھر خاندانوں کو خیمے اور ہنگامی امداد فراہم کی جائے گی۔

☆ حکومت پاکستان اور پاکستان سیلولر فون انڈسٹری پاکستانی عوام کو راغب کر رہے ہیں کہ وہ وزیراعظم کے فنڈ برائے فلڈ ریلیف کیلئے فون نمبر 1234 پر بذریعہ ٹیکسٹ میسیج چندہ دیں۔ غیر سرکاری تنظیموں اور کمپنیوں کی ایک بڑی تعداد نے ٹرسٹ فنڈز قائم کرنے یا وزیراعظم کے فنڈ میں چندہ دینے کا اعلان کیا ہے۔

☆ امریکہ اور پاکستان میں امریکن بزنس کونسل کے جن ممبران نے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں اعانت فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے ان میں ایبٹ لیبز، ایجائیلٹی لاجسٹکس، اے ٹی اینڈ ٹی، بیکٹن ڈکنسن، شیوران پاکستان، سسکو فاؤنڈیشن، کوکا کولا ایکسپورٹ کارپوریشن اینڈ کوکا کولا بیوریجز پاکستان لمیٹڈ، ڈوپونٹ، ای ایم سی، فیروس سنز لیباریٹریز، ہدایت سنز، جانسن اینڈ جانسن، ایم ڈی ایس فوڈز، پراکٹر اینڈ گیمبل، فائیزر پاکستان، سلور اسٹار انٹرپرائزز، 3 ایم، ویزا اور ویکن ہٹ پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ شامل ہیں۔

☆ لاہور میں واقع امریکن بزنس فورم نے کوکا کولا، انوائرنمنٹ کنسلٹینسیز اینڈ آپشنز، لیوی اسٹراس پاکستان، کابانی اینڈ کمپنی، جنرل الیکٹرک، مونسانٹو ایگری ٹیک، البار یو انجنیئر نگ اور نیسٹول ٹیکنالوجیز سے عطیات اکٹھے کئے ہیں۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں